Department of Social Services
Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Office of Child Support Services

# دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات NYC
# والدین کی کامیابی کا پروگرام: روزگار
## اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQs)

ان والدین کے لیے جن پر نیو یارک سٹی محکمہ برائے سماجی خدمات (New York City Department of Social Services, NYC DSS) کا مستقل طور پر تفویض کردہ امداد اطفال کا قرض ہے، NYC کا دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services) کا والدین کی کامیابی کا پروگرام (Parent Success Program) منشیات کے علاج یا ملازمتی خدمات کا ایک اہل قرار یافتہ پروگرام مکمل کر کے اس قرض کو $7,500 تک کم کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

ہم یہ پروگرام کیوں پیش کر رہے ہیں؟ OCSS اس بات کو سمجھتا ہے کہ قرض کی مغلوب کن مقدار والدین کے لیے خود اپنی زندگیوں کو بہتر بنانا اور اپنے بچوں کا تعاون کرنا مشکل تر بنا سکتی ہے۔

منشیات کے بیجا استعمال سے صحت یاب ہونا؟ یہ سیکھنا کہ منشیات کے علاج کا پروگرام مکمل کرنے سے DSS کے قرض کو کم کرنے میں آپ کو مزید اعانت مل سکتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے **"والدین کی کامیابی کا پروگرام: منشیات کے علاج سے معلق اکثر پوچھے گئے سوالات (Parent Success Program: Drug Treatment FAQs)"** نامی پرچے سے رجوع کریں۔

**میں کیسے پتہ کروں کہ آیا مجھ پر مستقل طور پر تفویض شدہ امداد اطفال کا قرضہ ہے؟**
والدین کی کامیابی کا پروگرام مستقل طور پر تفویض شدہ قرض کو کم کم کرتا ہے، جو NYC DSS کا واجب الادا ہوتا ہے، جو تب ہوتا ہے جب آپ کے بچے کو نقد اعانت کی مراعات مل رہے ہونے کے دوران آپ کی امداد اطفال کی پوری ادائیگی نہیں ہوتی ہے۔ یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ پر NYC محکمہ برائے سماجی خدمات کا قرض باقی ہے:

- HRA کے دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (OCSS) کے کسٹمر سروس واک ان سینٹر میں جائیں، ایک ورچوئل میٹنگ شیڈول کریں، یا فیملی کورٹ میں OCSS کے کسی دفتر میں جائیں۔ امداد اطفال کے کارکن کے ساتھ اپنے کیس کا جائزہ لینے کو کہیں۔ مزید معلومات کے لیے https://on.nyc.gov/contactocss پر جائیں۔

- اپنے ملازمت پروگرام سے پوچھیں کہ آیا ان کے پاس امداد اطفال کی اسنیپ شاٹ (Child Support Snapshot) ہے۔ اگر ان کے پاس ہے تو آپ انہیں امداد اطفال کے اپنے کیس پر نگاہ ڈالنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ پر DSS کا قرض باقی ہے اور آپ پر کتنی رقم باقی ہے۔ DSS کا قرض جو دوسری کاؤنٹی یا ریاست میں باقی ہے وہ اس پروگرام میں شامل نہیں ہے۔

**اب مجھے کیا کرنا ہے؟**
آپ پر اہل قرار یافتہ DSS کے ملازمت پروگرام جیسے امداد اطفال پروگرام، جابز پلس، یا OCSS کے ملازمتی تربیت کے پارٹنر پروگرام میں شرکت کرنا لازم ہے۔ اہل قرار یافتہ DSS کے ملازمت پروگرام میں وہ بھی شامل ہے جس کو نقد اعانت (Cash Assistance) یا تکملاتی تغذیاتی اعانت پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) کے پروگراموں کے ذریعہ ریفر کیا جا سکتا ہے۔
اہل قرار یافتہ DSS کے ملازمت پروگرام میں آپ کا اندراج ہو جانے کے بعد، آپ کو ایک نوکری حاصل کرنا اور اپنے ملازمت پروگرام کو اس کی رپورٹ کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد آپ کے آجر پر آمدنی کو موقوف کرنے کا آرڈر (Income Withholding Order, IWO) کے ذریعے کم از کم 90 دنوں تک آپ کا امداد اطفال ادا کرنا لازم ہے۔ IWO آپ کے آجر کو بتائے گا کہ امداد اطفال کے لیے آپ کی تنخواہ کے چیک سے کتنی رقم لینی ہے۔ آجر وہ پیسہ OCSS کو بھیجے گا۔

(صفحہ پلٹیں)

**کیا مجھے اس بات کا ثبوت بھیجنا ضروری ہے کہ میرا آجر میری طرف سے IWO کی ادائیگیاں کر رہا ہے؟**
نہیں۔ آپ کو اس بات کا ثبوت بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کا آجر IWO کی ادائیگیاں کرتا رہا ہے۔ OCSS ان ادائیگیوں کا ریکارڈ سنبھال کر رکھتا ہے جو ہمیں آپ کے آجر سے ملتی ہیں۔

**امداد اطفال کی 90 دن کی ادائیگیاں میرے کر دینے کے بعد امداد اطفال کا میرا قرض کتنی جلدی کم کیا جائے گا؟**
اس میں آٹھ (8) ہفتے تک لگ سکتے ہیں۔ آپ کے ملازمت فراہم کنندہ کی طرف سے OCSS کو آپ کی نئی نوکری کی رپورٹ کر دینے کے بعد، OCSS دیکھے گا کہ آیا آپ پر NYC DSS کے بقایاجات واجب ہیں اور آیا ہمیں آپ کے آجر کی جانب سے کم از کم 90 دنوں تک ادائیگیاں موصول ہوئی ہیں۔ آپ کے اہل قرار پانے پر، OCSS آپ کے امداد اطفال کے اکاؤنٹ سے DSS کے بقایاجات کا $7,500 تک ہٹا دے گا۔ آپ کے NYC DSS کے قرض میں جتنی رقم کم ہوئی ہے اس کی تصدیق کرتے ہوئے ہم آپ کو ایک خط ڈاک سے بھیجیں گے۔

**ملازمت پروگرام میں میرے اندراج یافتہ رہنے کے دوران، کیا میری امداد اطفال کی ادائیگی نہیں کرنے پر میرے خلاف نفاذ کی کارروائیاں ہوں گی؟**
ہاں۔ تمام قابل اطلاق نفاذ کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

**کیا مجھے پر $7,500 یا زائد بقایا ہونا ضروری ہے؟**
نہیں آپ پر $7,500 بقایا ہونا ضروری نہیں ہے۔ OCSS آپ کے DSS کے قرض کی رقم کو $7,500 تک کم کرے گا۔

**کیا میں والدین کی کامیابی کے پروگرام میں ایک سے زائد مرتبہ اندراج کروا سکتا ہوں؟**
ہاں، آپ ایک سے زائد مرتبہ اندراج کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ پر DSS کا زیادہ قرض واجب ہے اور اہل قرار یافتہ DSS کے ملازمت پروگرام کے پاس اندراج کروانے کے بعد آپ کو ایک نئی نوکری مل جاتی ہے تو، آپ دوسری تخفیف کے لیے بھی اہل قرار پا سکتے ہیں۔ تاہم، اہل قرار یافتہ DSS کے ملازمت پروگرام میں قرض کی کل زیادہ سے زیادہ جتنی رقم کم کی جا سکتی ہے وہ $7,500 ہے۔

**اگر میں امداد اطفال ادا کرتا ہوں تو کیا مجھے ملاقات حاصل ہو سکتی ہے؟**
نیو یارک سٹی میں، دو مختلف عدالتیں امداد اطفال کے آرڈرز اور ملاقات کے حقوق سے متعلق فیصلے کرتی ہیں۔ اگر آپ کو اپنے بچے سے ملنے کے آپ کے حق کے بارے میں معلومات یا مدد درکار ہے تو، فیملی لیگل کیئر (Family Legal Care) کو 343-1122 (212) پر کال کریں یا familylegalcare.org/helpline ملاحظہ کریں۔

**میرے اضافی سوالات ہیں؟ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
DSS کے ملازمت پروگرام یا منشیات کا پروگرام سے OCSS کے"والدین کی کامیابی کا پروگرام" کے بارے میں پوچھیں، یا OCSS سے بذریعہ ای میل، بذات خود، یا ڈاک رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے https://on.nyc.gov/contactocss پر جائیں۔

**کیا آپ کو کوئی طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟** کیا یہ کیفیت آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہا اسے انجام دینا مشکل بناتی ہے؟ کیا یہ کیفیت آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل بناتی ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں **718-557-1399** پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد طلب کرنے کا حق ہے۔